اس کتاب میں موجود تعویذات کو فوٹو کاپی کروا کر استعمال میں لائیں

عملیات و تعویذات پر ایک بہترین کتاب

اللہ القادرؔ سے شفاء

اس کتاب میں

ہر مشکل کام آسان کرنے کا عمل۔ شادی کے لئے بہت آسان عمل۔ دستِ غیب کے لئے عمل۔
ترقی روزگار کیلئے آسان عمل۔ اپنی طرف متوجہ کرنے کیلئے عمل۔ تسخیرات موکلات قرآن مجید کا عمل
موکل عالمِ ارواح کو بلانے کا عمل۔ اپنی روح کو حاضر کرنے کا عمل۔ ہمزاد مطلوب کو حاضر کرنے کا عمل
مقدمہ میں کامیابی کیلئے عمل

کے علاوہ اور بہت کچھ اس کتاب میں موجود ہے

مصنف ہذا کتاب

صوفی محمد ندیم محمدیؔ

(ادارہ فیض العملیات و تعویذات نقشبندیؔ)

عملیات و تعویذات پر ایک شاہکار تحفہ

اللہ القادر سے شفاء

صوفی محمد ندیم محمدی

مدیر اعلیٰ دوماہی "روحانیات" کراچی۔

بانی و نگران اعلیٰ: ادارہ فیض العملیات و تعویذات نقشبندی

ناشر

رحمن بک ہاؤس

REHMAN BOOK HOUSE

اردو بازار نزد مقدس مسجد، کراچی۔ فون: 51 2766

کتاب .... اللہ القادر سے شفاء

مصنف .... صوفی محمد ندیم محمدی

اجازت .... صوفی عبدالعزیز نقشبندی

نظر ثانی .... صوفی ظفر علی نقشبندی

معاون .... صوفی محمد اقبال نقشبندی

اہتمام .... خلیق الرحمن

کمپوزنگ .... صوفی محمد سلطان نقشبندی

کتابت .... صوفی سعید الرحمن نقشبندی

تعداد .... ایک ہزار۔

قیمت .... Nt 30 روپے

[illegible]

ادارہ فیض العملیات و تعویذات نقشبندی

★★ (زیر نگرانی) مکتبہ روحانیات (کراچی) ★★

MOBILE : 0300-3493001

انتساب

مالکِ ہر جہاں ، ذاتِ لاشریک کے نام

○

مرا وِرد ہر دم رہا اللہ اللہ
کہا اللہ اللہ کہا اللہ اللہ
دل آسودہ ہوگا دل آسودہ ہوگا
ہر اللہ والا گدا اللہ اللہ

انتساب ثانی!!

سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم

کے نام

لگائے لو جو سرکارِ جہاں سے

ملے گا اُس کو سب اُس آستاں سے

مرے گھر رحمتیں ہوتی ہیں نازل

جب اُن کا نام لیتا ہوں زباں سے

اشارے اللہ القادر سے شفاء

اشارے اللہ القادر سے شفاء

اشارے اللہ القادر سے شفاء

اشارے اللّٰہ القادر سے شفاء

اشارے اللہ القادر سے شفاء

اشارے اللہ القادر سے شفاء

اللہ القادر کا مشکل کشا نقش اعظم

بحق جبرائیل — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — بحق عزرائیل

اللہ القادر

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
القادر	القادر	القادر	القادر	القادر	القادر
٦٦	٦٦	٦٦	٦٦	٦٦	٦٦
٦٦	٦٦	٦٦	٦٦	٦٦	٦٦
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
القادر	القادر	القادر	القادر	القادر	القادر

اللہ القادر

بحق اسرافیل — یہاں پر اپنا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں — بحق اسرافیل

(۱) دفعِ درد کا آزمودہ عمل

آبِ رواں پر ۳ مرتبہ الحمد شریف (سورۃ الفاتحہ)، ۷ مرتبہ اسمائے مبارکہ پھر ۳ مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ لیا کریں۔ مقامِ درد پر بھی دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔ جب درد سے آرام آجائے تو کسی بھی محتاج فقیر کو حسبِ توفیق روپے دیں بہت آسان و مجرب عمل ہے۔ اس عمل سے فائدہ اٹھانے والے خواتین و حضرات حنیف بھائی اور راقم الحروف کے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

(۲) دستِ غیب کا مجرب عمل

فرض نمازوں کے ساتھ نفل نمازوں کا (خصوصاً نمازِ تہجد) کا بھی اہتمام کریں۔ بعد نمازِ فجر اور تہجد ان اسمائے مبارکہ کو ۳۶۰ مرتبہ اور سورۃ مزمل ۱۱ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں، ذاتِ لاشریک میں دعا مانگیں تاثیر آپ خود دیکھیں گے اس عمل کے ساتھ ذیل کے نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر بھی اپنے پاس رکھیں اور عمل ختم کرنے کے بعد اس پر دم بھی کر لیا کریں

هو الکافی	بسم اللہ الرحمن الرحیم			هو الکافی
اللہ القادر				اللہ القادر
اللہ	۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵	اللہ
اللہ				اللہ
اللہ	۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰	اللہ
اللہ				اللہ
اللہ	۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱	اللہ
اللہ القادر				اللہ القادر

بحق نبوۃ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۳) بدخواب بند کرنے کا عمل

جن خواتین وحضرات کو زیادہ بدخواب آتے ہوں وہ سونے سے پہلے ۳ مرتبہ آیت الکرسی، چاروں قل شریف اور ۲۱ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے بدن پر پھیریں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم بدخواب آنا بند ہوجائیں گے نماز کی پابندی کریں اور چلتے پھرتے خوب استغفار کیا کریں۔

(۴) آسیب کو دُور کرنا

سُورۃ رحمٰن کی آیت نمبر ۳۳ (یٰمعشر الجن والانس... الا بسلطٰن) ۷۰ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو ۱۲ مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کریں پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ذیل کے تعویذ کی دھونی دیں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی

اَللّٰہُ القَادِرُ

۸	۱	۶
۳	القادر ۵ اللّٰہ	۷
۴	۹	۲

اَللّٰہُ القَادِرُ

(۵) جیب کبھی خالی نہ رہے

بعد نمازِ تہجد ۷۰۰ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو اور ۷۰ مرتبہ سورۃ اخلاص یا ۱۱ مرتبہ سُورۃ مزمل پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں ہر نماز کے بعد ۹۹ اسمائے الٰہی ۳ یا ۷ یا ۱۱ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی کبھی بھی جیب خالی نہ ہوگی۔ صبح وشام حسبِ توفیق صدقہ وخیرات کیا کریں۔ بہت مجرب و آسان عمل ہے۔

(۶) حفاظت کے لیے

مکان، دوکان اور کاروبار والی جگہ پر اس اسمائے مبارکہ کا حرفی یا عددی نقش لکھ کر لگائیں روزانہ حسبِ توفیق اسے پڑھ کا مطلوبہ جگہ پر چاروں کونوں میں دم بھی کر لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ ہر ارضی و سماوی آفت و بلا سے حفاظت رہے گی۔

(۷) مراقبہ برائے ہر مقصد کے لئے

ان اسمائے مبارکہ کو خوشخط سنہری حرفوں میں نقش مثلث میں یا پھر سادہ لکھ لیں اب بعد نماز تہجد یا فجر اس پر نظریں جمائیں اور دل کی زبان سے اس کا ورد کریں۔ جب آنکھیں مسلسل دیکھنے سے تھک جائیں تو ہاتھ اُٹھا کے اپنے مقصد کی دُعا مانگیں تاثیر آپ خود دیکھیں گے۔ بہت مجرّب عمل ہے۔ اس عمل کی اجازت اپنے مرشد یا اہلِ علم سے ضرور حاصل کریں۔

(۸) شادی کے لیئے

کنوارے لڑکے اور کنواری لڑکیاں نئے چاند میں توچندی اتوار کی رات بعد نمازِ عشاء یا تہجد ان اسمائے مبارکہ کو روزانہ ...۵ مرتبہ ۶۰ روز تک پڑھیں انشاء اللہ جلد ہی شادی ہو جائے گی۔

(۹) دستِ غیب کے لیے عمل

ہر نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ مزمّل، سُورۃ اخلاص اور آیت الکرسی پڑھ کر ان اسمائے الٰہی کو ۷۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے کمرے کے چاروں کونوں میں دم کردیں صبح وشام چڑیوں کو اپنے ہاتھ سے دانہ پانی ڈالیں۔ مقصد حاصل ہوگا۔ اگر ذیل کے نقش کو لکھ کر روزانہ سورج نکلتے وقت دریا میں آٹے کی گولی میں رکھ کر ڈالیں تو عمل میں خوب تاثیر پیدا ہوگی۔

ھوالکافی	اللہ	ھوالکافی
اللہ القادر	اللہ القادر اللہ القادر اللہ القادر	اللہ القادر
اللہ	اللہ القادر اللہ القادر اللہ القادر	اللہ
اللہ القادر	اللہ القادر اللہ القادر اللہ القادر	اللہ القادر
۷۸۶	اللہ	۷۸۶

(۱۰) سُورۃ فاتحہ کا مجرّب عمل برائے حاجت روا

عروجِ ماہ میں اتوار کی رات سے روزانہ ۲۱ دن تک ۷۰ مرتبہ ایاك نعبد و ایاك نستعين اور ۷۰ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو پڑھیں پھر کھڑے ہو کر ۲۱ مرتبہ اَللّٰھُمَّ یامغیث اغثنی پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں عمل کی تاثیر ظاہر ہو جائے گی صبح وشام اپنے ہاتھ سے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات کریں۔

اسمائے الٰہی (اللہ القادرُ)

(۱۱) مقدمہ میں کامیابی کے لیے

باوضو ادب کے ساتھ قبلہ رو بیٹھ کر انتہائی محبت وعقیدت وخلوص کے ساتھ کثرت سے ان اسمائے مبارکہ کو پڑھیں جب عمل ختم ہو تو سجدے میں جا کے پھر خوب ان اسمائے مبارکہ کو پڑھیں اور بعد میں دُعا کامیابی مقدمہ کی مانگیں اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہو گا۔

(۱۲) گھر بھر کے افراد کی حفاظت کے لیئے

ان اسمائے مبارکہ کو ذیل کے طریق پر زعفران یا مشک سے لکھ کر ۲۱ دن تک انہی اسمائے مبارکہ کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق یا پھر ۱۱.. مرتبہ پڑھ کر دم کرتے رہیں بائیسواں دن اسے سوتی کپڑے میں تعویذ بنوا کے پہن لیں چلتے پھرتے ان اسمائے مبارکہ کا وِرد رکھیں ہر بد چیز سے حفاظت رہے گی۔

اللہ القادر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ القادر

طالب کی والدہ کا نام لکھیں	اللہ القادر	طالب کا نام لکھیں

اللہ القادر اللہ القادر

(۱۳) ترقی روزگار کے لیئے آسان عمل

ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو کثرت کے ساتھ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ روزگار میں اضافہ ہو گا۔ امداد غیبی حاصل کرنے کے لیے یہ بہت آسان عمل ہے۔

(۱۴) تسمیہ شریف (بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم) ہر مقصد کے لیے

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم قرآن مجید کی ایک آیت ہے جو سُورۂ نمل کا ایک جزو ہے۔ قرآن مجید میں یہ آیت سُورۂ توبہ کے علاوہ ہر سورت کے شروع میں آئی ہے غارِ حرا میں رسُولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر جو سب سے پہلی آیت نازل ہوئی اقرا باسمِ ربّکَ (اپنے ربّ کے نام سے پڑھ) اس حکم کی تعمیل میں بندہ قرآن مجید کی تلاوت اللہ کے نام سے شروع کرتا ہے اسلام جو تہذیب اللہ کے بندوں کو سکھانا چاہتا ہے اس کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ وہ ہر کام کا آغاز اللہ کے نام اور اس کے استحضار سے کرے تاکہ انسان بُرے کاموں سے بچا رہے جو کام اللہ کا نام لے کر اس کی مرضیات و نامرضیات کا لحاظ رکھتے ہوئے شروع کیا جائے گا اس میں بدی کی آمیزش کا کوئی امکان نہ رہے گا اور وہ نیک اور صالح سمت ہر کام کی سرانجام دہی کے لیے اختیار کرے گا اور خدا کے نام سے شروع کرنے کی برکت سے اس کام میں خدا کی مدد شامل حال ہو جائے گی اور شیطان کی شر انگیزیوں سے محفوظ رہے گا بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم سے قرآن مجید کی تلاوت کا آغاز گویا اس پیشین گوئی کی تکمیل بھی ہے جو تورات باب ۱۸ (۱۸-۱۹) میں درج ذیل الفاظ میں وارد ہوئی ہے!!

"میں اُن کے لیئے انہیں کے بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اس کو حکم دوں گا وہی وہ ان سے کہے گا اور جو کوئی میری ان باتوں کو جو وہ میرا نام لے کر کہے گا نہ سنے گا تو میں ان کا حساب اُن سے لوں گا"۔

"میرا نام لے کر اسے" بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم" سے شروع کرتا ہے"۔

اسمائے مبارکہ ۰۰، مرتبہ اور تسمیہ شریف ۰، مرتبہ پڑھ کر سجدے میں دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کا ہر مقصد (جائز) پورا ہو گا مجرب عمل ہے۔

(۱۵) شادی کے لیے عمل (برائے حسبِ منشا)

۳۱۳ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو پڑھ کر، مطلوب کا تصور کرتے ہوئے ۷ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ پھر بارگاہِ رب العزت میں دُعا مانگیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول و مقبول ہو گی۔

(۱۶) تسخیراتِ موکلاتِ قرآن مجید

یہ عمل بہت بڑے بزرگ کا عطیہ ہے اس کی قدر کریں کیونکہ ایسے عمل لاکھوں روپے خرچ کر کے بھی نہیں ملتے۔ اس عمل کے لیے آپ سورۃ مزمل یا سورۃ اخلاص کو مخارج کے ساتھ یاد کر لیں اب عمل کو ذیل کی ترکیب سے پڑھیں۔

پہلے دن: ۱۰۰ مرتبہ درود نور۔ ۷۰ مرتبہ سورت۔ ۷۰ مرتبہ دُعا ندا
۷۰ مرتبہ اسمائے الٰہی اللہ القادر
پھر سو مرتبہ دُرودِ نور

دوسرے دِن: ۱۰۰ مرتبہ دُرود نور۔ ۳۰ مرتبہ سورت۔ ۳۰ مرتبہ دُعا ندا
۳۰ مرتبہ اسمائے الٰہی۔ اللہ القادر
پھر ۱۰۰ مرتبہ دُرود نور

تیسرے دن: ۱۰۰ مرتبہ درود نور۔ ۱۰۰ مرتبہ سورت۔ ۱۰ مرتبہ دعا ندا
۱۰ مرتبہ اسمائے الٰہی پھر ۱۰۰ مرتبہ درود نور

مذکورہ بالا ترکیب سے ۱۲ روز پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم چند دنوں میں مقصد حاصل ہو گا۔

دعا ندا یہ ہے: (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَنِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

(۱۷) اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے

مندرجہ ذیل تعویذ تین عدد لکھیں بعد میں ان اسمائے مبارکہ کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق یا پھر ۱۱۰۰ مرتبہ ۲۱ دِن تک پڑھیں اور روزانہ ان تعویذات پر دم بھی کرتے جائیں پھر ایک تعویذ کسی پھل دار درخت پر ایک تعویذ دریا میں بہائیں اور تیسرا تعویذ اپنے پاس رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جس شخص کی طرف آپ دیکھیں گے وہ بھی آپ کی طرف متوجہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللّٰہ القادر: اللّٰہ / اللّٰہ القادر / اللّٰہ القادر / بدوح	طالب کا نام معہ والدہ لکھیں	اللّٰہ القادر: اللّٰہ / اللّٰہ القادر / اللّٰہ القادر / بدوح

(۱۸) کسی بھی حادثہ ناگہانی سے بچاؤ کے لئے

خواتین وحضرات بعد اذان اور ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو حسب توفیق پڑھ کر گھر کے چار کونوں میں دم کر دیا کریں انشاءاللہ تعالیٰ آپ کا گھر ہر حادثہ ناگہانی سے بچا رہے گا۔

○

(۱۹) جو دُعا مانگو قبول ہو گی

بعد نمازِ تہجد ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ اور سُورۃ حشر کی آیت نمبر ۲۲، ۲۳ اور ۲۴ (ھو اللہ الذی ..... الحکیم) ۷ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ رب العزت مالکِ ہر جہاں میں اپنے مقصد کے حل کے لیے جو دعا مانگیں گے انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہو گی۔

(۲۰) رزق کی تنگی دُور کرنے کے لئے

بعد نمازِ عشاء سُورۃ واقعہ ایک مرتبہ اور ان اسمائے مبارکہ کو ۳۱۲ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی دور ہو گا۔ رزق میں کشادگی ہو گی۔ (اللہ القادر)

(۲۱) قیامت کے دن پیشانی کا چمکنا

جو شخص سُورۃ طور کی آیت نمبر ۲۸ کا جز (اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ) گیارہ بار اور ان اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کا منہ مثلِ چاند چمکے گا۔

(۲۲) واسطے حصولِ نظرِ رحمتِ الٰہی کے لیئے

بعد نماز تہجد یا فجر ۳ مرتبہ سُورۃ مزمل، ۳ مرتبہ سُورۃ اخلاص اور ۷۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں، ذات لاشریک میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہو گی۔ (اللہ القادر)

(٣٣) حاضراتِ ارواح کا خاص عمل

وہ خواتین و حضرات جن کے نام کا حرف اوّل "الف" ہے وہ اس عمل سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں دوسرے خواتین و حضرات کو کافی محنت کے بعد اس عمل کی روحانیت انورانیت ملے گی۔ سب سے پہلے سورۃ اخلاص کو کسی قاری و حافظ قرآن مجید سے مخارج کے ساتھ پڑھ کر یاد کریں اس کے بعد ذیل کی ترکیب سے عمل پڑھیں۔ یہ عمل آپ نے بعد نمازِ تہجد پڑھنا ہے چند دنوں کے بعد وہ نظارے آپ اپنے کمرے میں دیکھیں گے جن کو یہاں تحریر کرنا مشکل ہے۔ ذیل کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں عمل میں خوب تاثیر پیدا ہو گی۔

اللہ القادر

اللہ	ھو الکافی۔ ھو الکافی۔ ھو الکافی			اللہ
القادر	بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم			القادر
القادر	٣٣٥	٣٣٥	٣٣٧	القادر
القادر	٣٣٦	٣٣٤	٣٣٢	القادر
القادر	٣٣١	٣٣٨	٣٣٣	القادر
القادر	یاحیُّ یاقیّومُ یالطیفُ			القادر
اللہ	یالطیفُ یاحیُّ یاقیّومُ			اللہ

اللہ القادر (دائیں جانب)

اللہ القادر (بائیں جانب)

اللہ القادر

سورۃ اخلاص	٧٠	٦٠	٥٠	٤٠	٣٠	٢٠	١٠
اسمائے الٰہی	١٠٠	٢٠٠	٣٠٠	٤٠٠	٥٠٠	٦٠٠	٧٠٠

(عمل کی ترکیب)

(۲۴) دل نرم کرنے کے لیے مجرّب عمل

کسی بھی میٹھی چیز پر ان اسمائے مبارکہ کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کا دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں۔ مطلوب کا دل آپ کی طرف سے نرم ہو جائے گا یعنی اس کے دل میں آپ کی خوب محبت پیدا ہو گی ذیل کا تعویذ بھی لکھ کر شربت میں گھول کر پلا سکتے ہیں۔ آپ وُہی تاثیر دیکھیں گے جو پڑھنے میں ظاہر ہوتی ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ القادر — اللہ القادر — اللہ القادر

مطلوب کا نام معہ والدہ } علیٰ حب علیٰ قلب { طالب کا نام معہ والدہ

اللہ القادر — اللہ القادر — اللہ القادر — اللہ القادر — اللہ القادر — اللہ القادر

(۲۵) ہر بیماری سے شفاء کے لیے

نمازِ فجر کی سُنتوں اور فرض کے درمیان ۳۶۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر آبِ رواں (سات جگہ کا) یا آبِ زم زم یا پھر آبِ مینہ پر دم کریں بعد عمل حسبِ توفیق صدقہ وخیرات کریں اور دُعا مانگیں کہ اللہ تعالیٰ مریض کو شفاء نصیب کرے اس کے بعد روزانہ دم والے پانی کو مریض کو نہار منہ پلایا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد شفاء نصیب ہو گی۔

(۲۶) دُکھتی آنکھوں کا علاج

اچھے سُرمہ پر ان اسمائے مبارکہ کو ۳۱۰ مرتبہ پڑھیں پھر اس سرمہ کو آنکھوں میں لگائیں انشاءاللہ تعالیٰ دُکھتی آنکھوں کو آرام آئے گا۔

(۲۷) ہر قسم کی حاجتوں کے لیئے

چند شخص حسن بصریؒ کے پاس آئے کسی نے پانی نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کیلئے کہا۔ آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو۔ ایک شخص نے پوچھا کہ حضرت اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کو استغفار ہی کے لیے فرمایا۔ آپ نے جواب میں سورۃ نوح کی آیت نمبر ۱۰۔۱۱۔۱۲ (فقلت استغفرو ....لکم انھرا) کو پڑھا اور فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی آیت کو ارشاد فرمایا ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جب بھی کوئی حاجت یا مشکل پیش آئے تو خوب استغفار کریں اور اس کے بعد اسمائے مبارکہ کو ۰۰۷ یا ۰۰۷ مرتبہ پڑھ کر اپنی فریاد بارگاہِ ربّ العزت میں پیش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم عزت کا تاج آپ کے سر پہ ہوگا۔

(۲۸) عملیات اُلٹنے سے حفاظت (دفع رجعت)

خواتین و حضرات کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے اگر ۰۷ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو اور ایا ۳ مرتبہ سورۃ عبس (پارہ ۳۰) پڑھ لیں تو مطلوب عمل کی رجعت سے حفاظت رہے گی۔

(۲۹) آنکھوں کی روشنی کے لیئے

سورۃ ق آیت نمبر ۲۲ (فکشفنا عنک غطائک فبصرک الیوم حدید) اور ان اسمائے مبارکہ کو بعد نمازِ تہجد ۰۷ مرتبہ پڑھ کر اچھے سرمہ پر ۴۰ روز دم کریں بعد عمل اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگالیا کریں خوب روشنی ہوگی۔

(۳۰) شراب کی عادت ترک ہوگی

معیاری نمک پر ان اسمائے مبارکہ کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر شرابی کو کھانے میں کھلائیں۔ ہر نماز کے بعد شرابی کا تصوّر کرتے ہوئے انہی اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم چند دِنوں میں شراب کی عادت ختم ہو جائے گی۔

(۳۱) ہر کام میں خیر و برکت کے لیئے

کوئی بھی نیا کام شروع کرنے سے پہلے ان اسمائے مبارکہ کو بعد نماز تہجّد یا فجر ۵۰۰ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی اگر ذیل کا تعویذ مشک و زعفران سے لکھ کر بھی کام والی جگہ پر رکھیں تب بھی خوب خیر و برکت رہے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ القادر		اللہ القادر
ح ف ی ظ / اللہ القادر / اللہ / اللہ القادر / ح ا ف ظ	اللہ القادر طالب کا نام معہ والدہ لکھیں۔ اللہ القادر	ح ف ی ظ / اللہ القادر / اللہ / اللہ القادر / ح ا ف ظ
اللہ القادر		اللہ القادر

(۳۲) نظرِ بد کا مجرب علاج

ذیل کے تعویذ کو لکھ کر مریض کے بدن سے پھیر کر آگ میں جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد دُور ہو گی۔ تعویذ لکھتے ہوئے۔ بدن پر پھیرتے ہوئے اور جلاتے وقت اسمائے مبارکہ کا ورد کرتے رہیں (اللہ القادر)

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

پہلے اسے استعمال کریں

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

پھر اسے استعمال کریں

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

اور آخر میں اسے استعمال کریں

(۳۳) ولادت میں سہولت کے لیے

ذیل کے تعویذ کو حاملہ کو ۸½ مہینہ بعد بائیں ران میں باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت آسانی سے ولادت ہو گی۔ یاد رہے اگر ۰۰، مرتبہ اسمائے مبارکہ اور ۰، مرتبہ سورۃ انشقاق کی آیت نمبر ۱ تا ۴ (اذا السماء انشقت ....ما فیھا و تخلت) بھی تعویذ پر پڑھ لیں تو خوب آسانی ہو جائے گی۔

۴۸۹ اللہ القادر ۷۸۶ اللہ القادر ۴۸۹

اذا السمآءُ انشقت و اذنت لربھا وحقت و اذا الارض مدت و القت ما فیھا و تخلت

اللہ القادر (دائیں) — اللہ القادر (بائیں)

۴۸۹ یہاں حاملہ کا نام معہ والدہ لکھیں ۴۸۹

(۳۴) ہر شخص مہربان ہوگا

نمازِ فجر کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو ۵۰۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کریں اور پھر پورے بدن پر پھیر لیں اس عمل کو روزانہ ۳ مرتبہ کر لیا کرو انشاء اللہ تعالیٰ جو شخص بھی سامنے آئے گا وُہ مہربان ہوگا۔

(۳۵) کبھی محتاجی نہ ہوگی

جو شخص بعد نمازِ تہجد کھُلے آسمان کے نیچے جائے نماز پر باوضو خوشبو لگا کے ان اسمائے مبارکہ کو ۳۶۰ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ رب العزت میں دُعا مانگیں کہ پروردگار تُو اپنا محتاج رکھ کسی بندے کا محتاج نہ کرنا۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم ان اسمائے مبارکہ کے وِرد سے آپ کبھی محتاج نہ ہوں گے۔

(۳۶) حاملہ عورت کے لیئے تحفہ

حاملہ عورت نواں مہینہ میں ان اسمائے مبارکہ کو خالص دودھ پر ۳۶۰ مرتبہ پڑھ کر پی لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ عظیم وقتِ پیدائش زیادہ تکلیف نہ ہوگی اور بچہ بڑی آسانی کے ساتھ دُنیا میں آئے گا حاملہ اپنے ہاتھ سے چڑیوں کو صبح شام دانہ پانی ڈالے

(۳۷) غیبت کی عادت چھوڑنے کیلئے

جن خواتین کو غیبت کی عادت ہو وہ سب سے پہلے نمازِ توبہ ادا کریں پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں کہ پروردگار ہمیں توفیق دے کہ ہم اس بُری عادت سے بچیں اس کے بعد ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کا وِرد کریں انشاء اللہ تعالیٰ غیبت کی عادت چھوٹ جائے گی۔

(۳۸) مشکل کشا عمل

بعد نمازِ تہجد جائے نماز پر کھڑے ہو کر ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ پڑھ
کر اپنے کمرے کے چاروں کونوں میں دم کریں پھر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں،
ذاتِ لاشریک میں اپنے مقصد کے حل کے لیئے دُعا مانگیں آپ کی دُعا
انشاءاللہ قبول و مقبول ہو گی۔ ذیل کے تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے
پاس رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ کبھی کوئی مشکل پیش نہ آئے گی۔

۷۸۶			اللہ القادر	۷۸۶			اللہ القادر	۷۸۶		
۸	۱	۶	القادر	۸	۱	۶	القادر	۸	۱	۶
۳	۵	۷	اللہ اللہ	۳	۵	۷	اللہ اللہ	۳	۵	۷
۴	۹	۲	القادر	۴	۹	۲	القادر	۴	۹	۲
یا اللہ			اللہ القادر	یا اللہ			اللہ القادر	یا اللہ		

(۳۹) عذاب قبر سے نجات

بعد نمازِ عشاء ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ اور سورہ ملک ۳ یا ۱ مرتبہ
ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ عظیم عذاب قبر سے حفاظت رہے گی۔

اسمائے مبارکہ یہ ہیں!!

اَللّٰہُ الْقَادِرُ

(٢٠) شیطانی قوتوں سے حفاظت کا مجرب عمل

جن خواتین و حضرات کو شیطانی قوتوں نے گھیرا ہوا ہے یا گاہے بگاہے تنگ کر رہی ہیں تو وہ ذیل کے دونوں تعویذ بروز جمعہ بعد نمازِ فجر لکھیں، حرفی تعویذ گلے میں پہن لیں اور عددی تعویذ اپنے بدن سے بچھیر کے جلا دیں مگر احتیاط رہے کہ راکھ کسی سوکھی مٹی میں دفن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نجات ملے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ القادر	٩	ط	٩	اللہ القادر
	ط	ط	ط	
اللہ القادر	٩	ط	٩	اللہ القادر

یا اللہ

ــــــــ	٨	١	٦	ــــــــ
	٣	٥	٧	
	٤	٩	٢	

(٢١) استخارہ برائے ہر عمل

جو خواتین و حضرات استخارہ کرنا چاہیں تو وہ پہلے دو رکعت نمازِ استخارہ کی نیت سے ادا کریں نماز ادا کرنے سے پہلے با آوازِ بلند اپنا مقصد تین مرتبہ کہیں بعد نماز ۵۰۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھیں بعد عمل پاک و صاف بستر پر سو جائیں جب تک نیند نہ آئے انہی اسمائے مبارکہ کو پڑھتے رہیں اور اپنے مقصد کا تصور بھی رکھیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب مل جائیگا۔

(۷۲) مشکل کشا نقش معظم

ذیل کے نقش کو شرفِ قمر میں ۴ عدد مشک و زعفران سے لکھو۔ اب ایک نقش دریا میں ڈالو اور دعا مانگو اسی طرح ایک پھل دار درخت پر اور تیسرا اپنے گھر میں یا کاروبار والی جگہ پر لگاؤ اور چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں اب روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ۷ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہو گی۔

المص المر طسم — ۷۸۶ — المص المر طسم

الله ۶	القادر ۱	۸	۶	الله ۷	القادر ۲
۷	۵	۳	۱	۵	۹
[illegible] ۲	۹	الله ۴	القادر ۸	۳	الله ۴
[illegible] ۲	۷	الله ۶	القادر ۲	۹	القادر ۴
۹	۵	۱	۷	۵	۳
الله ۴	القادر ۳	۸	۶	الله ۱	القادر ۸

۷۸۶ (دائیں) — ۷۸۶ (بائیں)

کہیعص حمعسق — ۷۸۶ — کہیعص حمعسق

نوٹ: نقش کی پشت پر اپنا نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔

(۴۳) شیطانی قوتوں سے حفاظت کا مجرب عمل

ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف نظر کر کے ۳ مرتبہ سوئم کلمہ پڑھیں پھر کہیں اے اللہ مجھے بہتر سلامتی عطا کر انشاء اللہ تعالیٰ ایسی سلامتی نصیب ہو گی کہ کوئی بھی بد شے آپکو نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ اس عمل کی اجازت ضرور لیں۔

(۴۴) اٹھرا کا علاج

یہ بیماری عورت کے لیے بڑی تکلیف دہ ہے اس بیماری سے نجات کے لیے پہلے طالب حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے اور کم از کم ۱۱ روزے یا پھر ہر پیر اور جمعرات کا روزہ رکھے اس کے بعد اچھی کالی مرچ اور اجوائن پر ان اسمائے مبارکہ کو ۳۶۰ مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھیں پھر تازہ پانی سے استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اٹھرا سے نجات ملے گی یہ عمل بچہ کی پیدائش تک جاری رکھیں۔

(۴۵) ہر مقصد کے لیئے

ان اسمائے مبارکہ کو روزانہ وقتِ مقررہ ۳۱۲۵ مرتبہ لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈالیں۔ ہر مقصد حاصل ہو گا۔

اسمائے مبارکہ = اللّٰہُ القادرُ

(۴۶) دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کا عمل

ذیل کے تعویذ کو اپنے بازو پر مشک و زعفران سے لکھ کر باندھیں اور مقررہ وقت پر تعویذ میں لکھے عمل کو کثرت سے پڑھیں تو آپ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم اپنے دشمنوں پر غالب رہیں گے۔

(تعویذ کے چاروں طرف: اللہ القادر)

ھو الکافی ھو الباقی	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	ھو الکافی ھو الباقی
اللہ القادر	انا فتحنا لک فتحاً مبینا	اللہ القادر
المص کھیعص ق والقرآن المجید ن والقلم وما یسطرون		
اللہ القادر	انا فتحنا مبینا	اللہ القادر

نوٹ:۔ پہلے تسمیہ شریف پھر اسمائے مبارکہ پھر آیت پھر اسمائے مبارکہ پھر حروفِ نورانی (حروف مقطعات) والی پوری سطر پھر اسمائے مبارکہ پھر آیت اور پھر آخر میں اسمائے مبارکہ پڑھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت ہر سر تسلیم خم ہوگا۔

(۴۷) لوگوں کی مہربانی حاصل کرنا

بعد نمازِ تہجد کھیعص (قاف ہا یا عین صاد) ۷۰ مرتبہ اور ان اسمائے مبارکہ کو ۳۱۳ یا کم از کم ۹۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کریں اور پورے بدن پر پھیر لیں تاثیر آپ خود دیکھیں گے

اسمائے مبارکہ = اللہ القادر

(۴۸) دفع درد کے لیئے

آپ کو جس جگہ بھی درد ہو اُسے پکڑ کر ان اسمائے مبارکہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھیں پھر مطلوبہ جگہ کو چھوڑ دیں انشاء اللہ تعالیٰ درد میں کمی آئے گی اسی طریق پر عمل کرتے رہیں جب تک درد مکمل ختم نہ ہو جائے۔

(۴۹) مطلوب کو حاضر کرنا

مندرجہ ذیل فلیتہ سات عدد لکھیں پھر ان فلیتوں پر ۲۱ روز تک (اگر جلدی ہو تو) یا ۱۱ روز تک ۵۰۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھیں اور مطلوب کی حاضری کے لیئے دُعا مانگیں اور روزانہ ان فلیتوں کو چنبیلی کے تیل میں کورے چراغ میں بتی بنا کے جلائیں جب تک جلنا رہے اپنی اسمائے مبارکہ کو بلا تعداد پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب فوراً حاضر ہو گا۔

۸	۱	۸	طالب کا نام	۱۰	۲	۸	مطلوب کا	۸	۱	۶
۳	۵	۷	معہ	۴	۷	۹	نام معہ	۳	۵	۷
۴	۹	۲	والدہ لکھیں	۶	۱۱	۳	والدہ لکھیں	۴	۹	۲

← اس فلیتہ کو پہچان سے جلانا ہے

(۵۰) آدھے سر کا درد کا علاج

جو خواتین و حضرات مذکورہ بالا بیماری میں مبتلا ہیں وہ ان اسمائے مبارکہ کو سات مرتبہ اُنگلی سے ماتھے پر لکھیں پھر سات مرتبہ الٰہی اسم مبارکہ کو پڑھیں اور دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی درد ہو وہ ختم ہو جائے گا۔ یاد رہے یہ عمل آپ سورج نکلنے سے پہلے کریں گے۔

(۵۱) استخارہ برائے خواب (ہر مقصد کے لیے)

ذیل کے تعویذ کو مشک و زعفران سے شرفِ قمر میں لکھ کر اس پر ۹۳۴ مرتبہ اَلْھَادِیُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ پڑھے اور ہر سو بار کے بعد کہے۔ اھدنی یا ھادی واخبرنی یا خبیر وبین لی یا مبین پھر اپنے مقصد کا خیال کرے بعد عمل سو جائے۔ تعویذ تکیے کے نیچے رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں جواب مل جائے گا۔

اللہ القادر	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط	اللہ القادر
۲۰	اِھْدِنِیْ یَا ھَادِیُ	۲۰
۸۱۲	وَاَخْبِرْنِیْ یَا خَبِیْرُ	۸۱۲
۱۰۲	وَبَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْنُ	۱۰۲
اللہ القادر	اللہ القادر	اللہ القادر

نوٹ:۔ جب تک نیند نہ آئے اسمائے مبارکہ کو پڑھتے رہیں۔

(۵۲) اپنی محبت میں دیوانہ کرنا

ذیل کے تعویذ کو شربت میں گھول کر مطلوب کو شربت میں پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ آپ کی محبت میں دیوانہ ہو گا

کٓھٰیٰعٓصٓ	اللہ القادر	کٓھٰیٰعٓصٓ
مطلوب کا نام	ا ل ل ہ ا ل ق ا د ر	والدہ کا نام
کٓھٰیٰعٓصٓ	اللہ القادر	کٓھٰیٰعٓصٓ

(۵۳) تسخیرِ موکل کا مجرّب عمل

ان اسمائے مبارکہ کو بعد نمازِ عشاء اور فجر ۴۴۴۴ مرتبہ ۲۸ دن تک پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں عجائبات نظر آنے لگیں گے۔ یاد رہے یہ سب نظر کا دھوکہ ہے یا شیطانی وسوسے ہیں۔ آپ عمل پڑھتے رہیں اٹھائیسواں دن نورانی شکل میں ایک بزرگ سبز عمامہ پہنے حاضر ہوگا اور بلانے کا مقصد پوچھے گا آپ کہیں کہ آپ سے دوستی کرنی ہے اور اپنے کاموں میں آپ سے صلاح مشورہ کرنا ہے وہ چند شرائط پیش کرے گا آپ اسے قبول کریں آنے والے موکل سے دوبارہ بلانے کا عمل پوچھیں اس کے بعد آپ کو جب بھی ضرورت ہو تو تنہائی میں عمل پڑھیں اور اپنے مقصد کے مطابق سوالات کر کے جواب حاصل کریں بلا اجازت اس عمل کو کوئی نہ کرے۔ (اسمائے مبارکہ = اللہ القادر)

(۵۴) نیند سے بیدار ہونے کا عمل

سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۱۲۵ (واذجعلنا .... السجود) ۷ مرتبہ اور ۲۱ مرتبہ اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا میں جس وقت کا آپ نے اُٹھنے کا کہا ہے اُسی وقت آپ کی آنکھ کھلے گی۔

اسمائے مبارکہ

۵

اَللّٰہُ الْقَادِرُ

(۵۵) ھمزاد مطلوب کو حاضر کرنا

ذیل کے طریق سے ان اسمائے مبارکہ ۴۴۴۴ مرتبہ ۲۸ دن تک بعد نمازِ تہجد پڑھیں ھمزاد مطلوب حاضر ہو گا۔ بلا اجازت عمل نہ کریں ورنہ نقصانِ عظیم ہو گا۔

یا ھمزاد (مطلوب کا نام معہ والدہ) حاضر شو حاضر شو

بحقِ سلیمان بن داؤد علیہ السّلام بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

(۵۶) موکل عالم ارواح کو بلانا

ذیل کے نقش کو پاک عطر شمامۃ العنبر میں بتی بنا کے ان اسمائے مبارکہ کو اپنے نام معہ والدہ، دن اور مہینہ (جب آپ عمل شروع کریں) کے اعداد جمع کر کے حاصل کردہ اعداد کے مطابق رات ۱۲ بجے کے بعد تنہا کمرے میں پڑھیں۔ یہ عمل سات دن کی نیت سے کریں مگر جب تک موکل کی حاضری نہ ہو عمل ترک نہ کریں بعض اوقات سات دن میں کامیابی ہو جاتی ہے اور بعض اوقات چھ مہینے بھی لگ جاتے ہیں مگر یاد رکھیں یہ روحانی طاقت ہے ایک مرتبہ محنت کر کے حاضر کر لیں تا حیات آپ کے کام آئے گی۔ بلا اجازت عمل نہ کریں۔

ہمیہ ۹ — ہمیہ ۹ — ہمیہ ۹

۷	ع	۷	ب	۲	۴	۷	ب	۷	ع	۷
ج	ج	ج	ب ب	۹	۵	۱	ب ب	ج	ج	ج
۲	ع	۲	ب	۳	۸	۶	ب	۲	ع	۲

حاضر شو — حاضر شو — حاضر شو

نوٹ: آگ یہاں سے لگائیں۔

(۵۷) مقدّس موکل کی حاضری

یاد رکھیں یہ تمام موکلات (جو کسی نہ کسی حرف کے تابع ہیں) مقدّس ہیں کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور کردہ مخلوق ہے۔ ان اسمائے مبارکہ کو سُورۃ یسین کی ہر مبین (سُورۃ یٰسین میں سات مبین ہیں) کے بعد اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق بعد نمازِ تہجّد پڑھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ مقدّس موکل کی حاضری ہوگی۔ بلا اجازت اس عمل کو نہ کریں

(۵۸) موکل کی حاضری

موکل کی تسخیر کے متلاشی خواتین و حضرات اس عمل کو کریں مگر کرنے سے پہلے مجھ سے یا کسی صاحبِ علم سے اجازت ضرور حاصل کریں تاکہ آپ کو تمام ضروری معلوماتِ تسخیرِ موکل معلوم ہو جائیں اور آپ آسانی کے ساتھ اس عمل کو کر سکیں۔
ان اسمائے مبارکہ کے اعداد + آپ کے نام معہ والدہ کے اعداد اور جس دن اور جس مہینہ میں عمل کرنے لگیں ہیں ان کے اعداد حاصل کریں اب اِسے ۲ سے ضرب دیں جو اعداد حاصل ہوں اتنی مرتبہ رات ۱۲ بجے کے بعد پڑھیں یاد رہے حاصل کردہ اعداد کا مفرد عدد نہ بنے اگر مفرد عدد ۸ نہ بنے اگر مفرد عدد ۸ آئے تو ۷ سے ضرب دیں۔ گو یہ عمل خوب محنت طلب ہے مگر جب آپ کی محنت کا انعام موکل کی حاضری کی صُورت میں ملے گا تو آپ کو تمام کی ہوئی محنتیں بھول جائیں گی۔

اسمائے مبارکہ = اللہ القادر

(۵۹) وقتی استخارہ

جس معاملہ میں آپ نے استخارہ کرنا ہو اُس کا تصوّر کرتے ہوئے ان اسمائے مبارکہ کو ۱۴ مرتبہ پڑھیں پھر آنکھیں بند کر کے دِل کی طرف متوجہ ہوں جو پہلے جواب دِل میں آئے وُہی آپ کے سوال کا جواب ہے۔ بہت آسان اور مجرّب عملِ استخارہ ہے۔

(۶۰) ایک اور مجرّب استخارہ

جس مقصد کے لیے آپ نے استخارہ کرنا ہو اس مقصد کو بسیط لکھیں اور آگے ان اسمائے مبارکہ کو بھی لکھیں۔ اب جتنے حرف آپ کے پاس آئے ہیں ان کو الگ الگ پرچی پر لکھ کر بند کر لیں۔ اب تمام پرچیوں کو آپس میں ملا لیں۔ اب ان پرچیوں میں سے سات پرچیاں اُٹھا لیں اور جو حرف ان سات پرچیوں میں لکھے ہوئے ہیں ان کو آپس میں ملائیں آپ کو جواب مل جائے گا۔ یاد رکھیں کسی سطر یا لفظ کو بسیط کرنے کا مقصد ہے اس کے ٹکڑے کر دینا جیسے جب ہم اسمِ ذات "اللّٰہ" کو بسیط کریں گے تو یہ صُورت بنے گی۔ ا۔ ل۔ ل۔ ہ۔

(۶۱) حصولِ عزت کے لیئے

اگر کوئی عورت جو اپنے خاوند کی نظر سے گر گئی ہو تو ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو بلا تعداد پڑھ کر بوسیلہ حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضؓ سجدے میں دُعا مانگیں انشاء اللّٰہ تعالیٰ خاوند کی نگاہ میں بہت زیادہ عزت حاصل کرے گی

۶۲) ہر مشکل کو آسان کرنا

یہ عمل صرف ۹ دن کا ہے اور نوچندی اتوار سے شروع ہوگا اس عمل کا طریقہ یوں ہے کہ پہلے دو رکعت نماز قضائے حاجت کی نیت سے ادا کریں پھر بعد میں ذیل کے طریق سے عمل پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہوگی۔ عمل یوں پڑھیں گے

نوٹ :۔ جب آپ اگلے دن عمل پڑھیں گے تو صرف نورانی حروف تبدیل ہوگا باقی تمام طریقہ مذکورہ بالا ہی رہے گا۔

ایام	اتوار ۱	پیر ۲	منگل ۳	بدھ ۴	جمعرات ۵	جمعہ ۶	ہفتہ ۷
نورانی حروف	الٓمٓ	الٓمٓصٓ	الٓرٰ	الٓمٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰہٰ	طٰسٓمٓ
اسمائے مبارکہ	اللہ القادر	اللہ القادر	اللہ القادر	اللہ القادر	اللہ القادر	اللہ القادر	اللہ القادر
پڑھنے کی تعداد	۱۰۰ مرتبہ	۲۰۰ مرتبہ	۳۰۰ مرتبہ	۴۰۰ مرتبہ	۵۰۰ مرتبہ	۶۰۰ مرتبہ	۷۰۰ مرتبہ

ایام	اتوار ۸	پیر ۹
نورانی حروف	یٰسٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
اسمائے مبارکہ	اللہ القادر	اللہ القادر
پڑھنے کی تعداد	۸۰۰ مرتبہ	۹۰۰ مرتبہ

۶۳) بانجھ عورت کیلئے آسان عمل

جو خواتین مرضِ بانجھ میں مبتلا ہیں وہ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات کر کے
اور صبح و شام چڑیوں کو دانہ پانی ڈالیں پھر ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ
کو ۳۶۰ مرتبہ پڑھ کر آبِ زم زم پر دم کریں اور نہار منہ اسے استعمال کریں۔
کھانے میں دیسی انڈے (سردی میں اور کالی مُرغی ہو تو بہت اچھا ہے)
اور بند گوبھی زیادہ رکھیں بڑا گوشت بالکل استعمال نہ کریں۔ اس کے علاوہ
ذیل کے تعویذ کو بعد نمازِ جمعہ لکھ کر گلے میں ڈالیں ڈوری اتنی لمبی ہو کہ تعویذ
ناف تک آئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ القادر

۸	۱	۶	م ص و ر	طالب کا نام	م ص و ر	۸	۱	۶
۳	۵	۸	اللہ القادر	معہ والدہ	اللہ القادر	۳	۵	۷
۴	۹	۲	م ص و ر	لکھیں	م ص و ر	۴	۹	۲

اللہ القادر

یا اللہُ - یا اللہُ - یا اللہُ -

۶۴) نماز کی عادت ڈالنے کے لیے

اذان کی کیسٹ ٹیپ پر چلائیں۔ اذان کو بغور سنیں مگر زبان سے ان اسمائے
مبارکہ کا وِرد بھی کرتے رہیں بعد اذان دُعا مانگیں اسی طرح سات مرتبہ کریں
انشاء اللہ تعالیٰ چند دِنوں میں آپ کا دل نماز کی طرف راغب ہو جائے گا۔

(۶۵) امتحان میں کامیابی کا عمل

ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو ۰۰ مرتبہ اور سورۃ الفاتحہ ۱۱ مرتبہ یا ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر امتحان میں کامیابی ہوگی۔ شرفِ قمر یا مطلوب کے شرفِ کوکب میں سورۃ فاتحہ اور ان اسمائے مبارکہ کا نقش مشک و زعفران سے لکھ کر پاس رکھنا مجرب ہے۔

(۶۶) اپنی روح کو حاضر کرنا

یہ عمل آپ بعد نمازِ تہجد (یہ وقت عروجِ روحانیات کا وقت ہوتا ہے) نوچندی اتوار سے شروع کریں۔ مکمل پرہیزِ جلالی کے ساتھ ان اسمائے مبارکہ کو ۰۰ مرتبہ اور ہر ۱۰۰ مرتبہ کے بعد ۰ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دل کی طرف متوجہ ہو کر دعا مانگیں چند دنوں میں آپ کو محسوس ہوگا کہ آپ کے کمرے میں آپ کے سوا کوئی اور بھی ہے۔ بلا اجازت اس عمل کو نہ کریں۔

(۶۷) کسی دوسرے کی روح کو بلانا

ان اسمائے مبارکہ کو ذیل کے طریق سے اپنے نام معہ والدہ اور مطلوب کے نام معہ والدہ کے اعداد جمع کر کے حاصل کردہ اعداد کے مطابق بعد نمازِ تہجد پڑھیں اس عمل میں پرہیز جلالی ناگزیر ہے اور بلا اجازت بھی اس عمل کو مت کریں ورنہ شدید نقصان کا خطرہ ہے۔

یا اللہُ بحقِ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ بحقِ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یا روحِ (مطلوب کا نام معہ والدہ)

العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا

(۶۸) حاکم کو مہربان کرنا

بعد نمازِ تہجد ۷۰ مرتبہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم سورت بقرہ آیت نمبر ۱۳۷) اور ۹۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر مطلوب حاکم کا تصور کرتے ہوئے دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم حاکم مہربان ہوگا۔ یہ عمل ۷ دن تک کرنا ہے۔

(۶۹) رزق کی زیادتی کیلئے مجرّب عمل

مذکورہ مقصد کے لیئے یہ عمل بہت مجرّب ہے اور میرا آزمودہ ہے میرے اُستاد ۳۲ سال تک اس عمل کو کرتے رہے اور اب قریباً ۱۴ سال سے میں حاجتمندوں کو دے رہا ہوں بعد نماز عشاء، فجر اور عصر سورۃ شوریٰ آیت نمبر ۱۹ (اللہ لطیف .... ھو القوی العزیز) ۲۹ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔ ذیل کا نقش بھی مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں خوب تاثیر پیدا ہوگی۔

اللہ القادر

اللہ القادر	بسم اللہ الرحمن الرحیم	اللہ القادر
	اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز	
اللہ القادر	طالب کا نام معہ والدہ لکھیں۔	اللہ القادر

اللہ القادر

(۷۰) دل مضبوط کرنے کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد سیدھے ہاتھ کی انگلیوں کو دِل پر رکھ کر ان اسمائے مبارکہ کو ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔ اِنشاء اللہ چند دِنوں کے بعد آپ خود محسوس کریں گے کہ آپ کا دِل مضبوط ہو رہا ہے۔

(۷۱) نیک اولاد کے لیئے

جو شخص ان اسمائے مبارکہ کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر اپنی بیوی سے صحبت کیا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بیوی کو ہونے والا بچّہ / بچّی نیک صالح ہو گی۔

(۷۲) بدخوابوں سے حفاظت کے لیئے

سونے سے پہلے ان اسمائے مبارکہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں پھر ہاتھ پورے بدن پر پھیریں انشاء اللہ تعالیٰ بدخوابوں سے حفاظت رہے گی۔

(۷۳) قبر کی زمین تنگ نہ ہو گی

اگر کوئی شخص بعد نماز جمعہ مبارک ان اسمائے مبارکہ کو ۳۶۰ مرتبہ پڑھ لے اور پھر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں، ذاتِ لاشریک میں دُعا مانگے کہ اس کی قبر کی زمین تنگ نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم یہ دُعا قبول و مقبول ہو گی۔

(۷۴) ھمزاد کا عمل

ان اسمائے مبارکہ کو طالب اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کو آپس میں ضرب دے کر جو اعداد حاصل ہوں اتنی مرتبہ بعد نمازِ تہجد پڑھے۔ یہ عمل بلا اجازت مت کریں۔ اجازت ضروری ہے۔

(۷۵) حفاظت کے لیئے آسان و مجرب عمل

